PR NO 20/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کے افسران کی پنڈ دادن خان میں کھلی کچہری

کھلی کچہری میں حاضر نہ ہونے والے محکموں کے مقامی سربراہان کے خلاف کارروائی کرنے کا فیصلہ

اتفاق کالونی کے سو سے زائد گھروں کو بجلی فراہم کرنے کی ہدایت

ٹرانسفارمر اور بجلی کے کھمبے فوری نصب کرنے کے احکامات جاری

متعدد شکایت کنندگان کی گیس، بجلی اور نادرا کے خلاف شکایات موقع پر ہی حل کروادیں

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا اور کنسلٹنٹ خالد سیال نے گزشتہ روز پنڈ دادن خان ضلع جہلم میں کھلی کچہری کے دوران وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سنیں اور متعلقہ اداروں کے افسران کو موقع پر ہی ہدایات جاری کر کے گیس، بجلی اور نادرا کے خلاف متعدد شکایات موقع پر ہی حل کروا دیں۔ سینئر ایڈوائزر نے کھلی کچہری میں حاضر نہ ہونے والے اداروں کے مقامی سربراہان کے خلاف انضباطی کارروائی کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ کھلی کچہری میں شکایت کنندگان نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام اور پوسٹل لائف انشورنس کارپوریشن کے علاوہ وفاقی اور صوبائی محکموں کے خلاف بڑی تعداد میں شکایات پیش کیں۔ زیادہ تر شکایات بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سے مالی امداد کی معطلی، بجلی کے ٹرانسفارمر اور کھمبے نہ لگانے، بجلی کے کنکشن اور زائد بلوں اور شناختی کارڈ کے اجراء میں تاخیر سے متعلق تھیں۔ وفاقی محتسب کے افسران نے متعلقہ اداروں کو شکایات کے ازالے کے لئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے۔ متعدد شکایت کنندگان نے بتایا کہ ان کے بجلی کے ناجائز بل درست نہیں کئے جا رہے۔ شکایت کنندگان نے بتایا کہ بعض علاقوں میں سات سال سے ٹرانسفارمر تبدیل نہیں کئے گئے اور بجلی کی تاریں گھروں کی چھتوں پر سے گزر رہی ہیں جو انسانی جان کے لئے خطرہ ہیں۔ ایڈوائزر وفاقی محتسب نے فوری طور پر ٹرانسفارمر اور کھمبے نصب کرنے کے احکامات جاری کئے نیز اتفاق کالونی میں سو سے زائد بجلی سے محروم گھروں کو بجلی فراہم کرنے کے لئے ضروری کارروائی کرنے کا حکم دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے افسران نے پنڈ دادن خان ضلع جہلم کی تحصیل انتظامیہ کے افسران سے بھی ملاقات کی اور ان سے عوامی مسائل کو حل کرنے کے حوالے سے بات کی۔ انہوں نے صوبائی محکموں کے خلاف شکایات متعلقہ اداروں کو بھجوا دیں۔ کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران سمیت ضلعی انتظامیہ کے مقامی افسران اور میڈیا کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ قبل ازیں وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی لیکچر بھی دیا۔ کھلی کچہری کے بعد وفاقی محتسب کے ایڈوائزر نے میڈیا کے نمائندوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میڈیا کی وجہ سے عوام الناس میں وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی پیدا ہو رہی ہے اور وفاقی محتسب میں آنے والی شکایات میں ہر سال اضافہ ہو رہا ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

0333-5333266

17 اپریل 2025ء